# 109299 - حج تمتع کی نیت کی لیکن صرف عمرہ کرنے کے بعد بیمار ہو گیا اور حج کے بغیر واپس آ گیا

## سوال

میں اس سال حج تمتع کی نیت سے گیا تھا، لیکن جب میں نے عمرہ ادا کر لیا تو مجھے اپنے گھٹنے میں درد اور سوزش کی شکایت ہوئی جس کی وجہ سے میں چلنے پھرنے سے قاصر ہو گیا اور حرکت بھی نہیں کر سکتا تھا، میں نے ڈاکٹر سے رجوع کیا تو اس نے مجھے حج مکمل نہ کرنے کی نصیحت کی، اس پر میں واپس آ گیا اور حج نہیں کیا، تو کیا مجھ پر دم واجب ہوتا ہے؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"اگر حقیقت میں امر واقع وہی ہے جو سوال میں بیان کیا گیا ہے کہ آپ نے عمرہ مکمل کر کے احرام کھول دیا اور پھر آپ حج کا احرام باندھنے سے قبل ہی واپس اپنے علاقے میں آگئے تو آپ پر کچھ بھی نہیں ہے؛ کیونکہ عمرے کی ادائیگی کے بعد اس کا احرام کھولنے سے آپ حلال ہو گئے، اور حج کے لیے ابھی تک آپ نے احرام باندھا ہی نہیں تھا۔

اللہ تعالی ہی عمل کی توفیق دینے والا ہے، درود و سلام ہوں ہمارے نبی محمد، آپ کی آل اور صحابہ کر ام پر۔" ختم شد

فتاوی اللجنة الدائمة" (11/355)